نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

<u>سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل کی زیر صدارت کپاس کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لئے اہم اجلاس کا انعقاد</u>

<u>مون سون بارشوں کا سلسلہ آئندہ چند دن تک جاری رہے گا۔کپاس کی بہتر فیلڈ مینجمنٹ کے لئے عملہ الرٹ رہے،سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل</u>

لاہور 07 جولائی 2022: سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل کی زیر صدارت ایگریکلچر سیکرٹریٹ کے کمیٹی روم میں کپاس کی موجودہ صورت حال کا جائزہ لینے کیلئے اہم اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں کپاس پر بارشوں کے اثرات، پتہ مروڑ وائرس، پودوں کے مرجھاؤ، کیڑے و بیماریوں کے حملہ اور آئی پی ایم پلاٹس کی صورت حال کا جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مون سون بارشوں کا سلسلہ آئندہ چند دن تک مزید جاری رہے گا۔فیلڈ عملہ الرٹ رہے۔زیادہ بارشوں کی صورت میں محکمہ زراعت کا عملہ کھیتوں سے پانی نکالنے میں کاشتکاروں کی رہنمائی و مدد کرے۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹریز امتیاز احمد وڑائچ،سید نوید عالم، ڈائریکٹر جنرلز رانا فقیر احمد، ظفر اللہ سندھو، ڈپٹی ڈائریکٹر زرعی اطلاعات نوید عصمت کاہلوں، ڈائریکٹر کاٹن ڈاکٹر صغیر احمد سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔انہوں نے مزید کہا کہ کاشتکار مون سون کی بارشوں کے دوران کپاس کی فصل کی نگہداشت پر بھرپور توجہ دیں۔فصل میں زیادہ پانی کھڑا ہونے سے جڑوں کے سانس لینے اور خوراک بننے کا عمل رک جاتا ہے جس کی وجہ سے گڈیاں اور چھوٹے ٹینڈے گرنا شروع ہو جاتے ہیں اور پیداوار متاثر ہوتی ہے۔اس موقع پر مانیٹرنگ آفیسرز نے اپنے اپنے اضلاع میں کپاس کی صورت حال بارے اجلاس کے شرکا کو بتایا کہ ابھی تک فصل کی صورت حال تسلی بخش ہے۔سفید مکھی، چست تیلہ، کاٹن لیف کرل وائرس اور پودوں کے مرجھاو کا حملہ مشاہدہ میں آ رہا ہے جو کہ نقصان کی معاشی حد سے نیچے ہے۔جبکہ آئی پی ایم کے تحت لگائے گئے چند پلاٹس پر اگیتی کاشتہ فصل سے 8 سے 10 من فی ایکڑ پیداوار بھی حاصل ہو چکی ہے۔زیادہ تر بوٹینیکل سپرے کئے گئے ہیں جس کی وجہ سے دوست کیڑوں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب نے مزید کہا کہ کیمیائی سپرے کو کم سے کم کرنے کا مقصد ہی دوست کیڑوں کی افزائش کے ذریعے ضرر رساں کیڑوں کو کنٹرول کرنا ہے تاکہ پیداوار میں اضافہ کے ساتھ ساتھ لاگت کاشت میں بھی کمی لائی جاسکے۔انہوں نے کہا کہ حالیہ بارشوں سے کپاس کی رکی ہوئی فصل دوبارہ بڑھوتری کی طرف چل پڑی ہے اس کے علاوہ فصل پھل، پھول اٹھانے اور ٹینڈے بننے کے عمل سے گزر رہی ہے جو کہ بہت نازک ہے۔اس مرحلہ پر پودوں کو آبپاشی اور بہتر خوراک مہیا کرنا ضروری ہے تاکہ پودا صحت مند رہے اور زیادہ سے زیادہ پیداوار حاصل کی جاسکے۔**سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب** نے مزید کہا کہ فیلڈ عملہ ہر کاشتکار تک ایڈوائزری پہنچانے میں اپنا کردار ادا کرے اور کاشتکاروں کو ایڈوائزری پر عمل بھی کروایا جائے۔انہوں نے کہا کہ کاشتکاروں کو زرعی زہروں کے مکسچر سپرے کرنے سے روکا جائے اور اس کے نقصانات بارے بھی بتایا جائے۔انہوں نے کہا کہ جن علاقوں میں پیسٹ پریشر بڑھ رہا ہے ان علاقوں پر خصوصی فوکس کیا جائے تاکہ اس کے پھیلاو کو بروقت کنٹرول کیا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ کپاس کے جن کھیتوں پر ابھی تک بوٹینیکل محلول کا سپرے نہیں ہوا وہاں فوراً سپرے کرایا جائے تاکہ نقصان دہ کیڑوں کے بروقت کنٹرول کو یقینی بنایا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ کاشتکار نباتاتی محلول (کوڑتما 600 گرام + تمباکو 600 گرام + نیم کے پتے 600 گرام + اک کے پتے 600 گرام اور ہنگ 10 گرام) 100 لٹر پانی میں حل کر کے فی ایکڑ سپرے کریں۔بارش کے بعد یوریا 2 کلوگرام، پوٹاشیم نائٹریٹ 200 گرام، بورک ایسڈ (17 فیصد) 300 گرام + زنک سلفیٹ (33 فیصد) 250 گرام اور میگنیشیم سلفیٹ 300 گرام کو 100 لٹر صاف پانی میں حل کر کے ہفتہ کے وقفہ سے دوبار سپرے کریں۔وتر آنے پر ایک بوری یوریا فی ایکڑ ریجر کے ساتھ استعمال کریں۔کپاس کے پودوں کے مرجھاؤ کیلئے تھائیوفینیٹ میتھائل بحساب ایک کلوگرام + سلفر (80 فیصد) 2 کلو گرام پانی کے ساتھ استعمال کریں اور فوسٹائیل ایلومینیم بحساب 250 گرام 100 لٹر پانی میں حل کر کے سپرے کریں۔بارش کے بعد زیادہ نمی کی وجہ سے سبز تیلے کا حملہ زیادہ ہو سکتا ہے اس لیے کاشتکار کپاس کی پیسٹ سکاؤٹنگ پر توجہ دیں اور کیڑوں کا حملہ نقصان کی معاشی حد سے زیادہ ہو تو مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے سفارش کردہ زہر کا سپرے کریں۔

0-0-0-0-0